## دعاءامام زین العابدین علیہ السلام یادعاءمقاتل بن سلیمانؒ

شیخ کفعمی نے بلد الامین میں ایک دعا امام سجادؑ سے نقل کی اور کہا ہے کہ یہ دعا آنجنابؑ سے مقاتل بن سلمان نے روایت کی اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ اگر کوئی شخص اس دعا کو سو مرتبہ پڑھے اور اس کی دعا قبول نہ ہو تو مقاتل پر لعنت بھیجے اور وہ دعا یہ ہے:

إِلهِی کَیْفَ أَدْعُوکَ وَأَ نَا أَ نَا وَ کَیْفَ أَقْطَعُ رَجائِی مِنْکَ وَأَنْتَ أَنْتَ إِلهِی إِذا لَمْ أَسْأَلْکَ

میرے معبود میں تجھے کیسے پکاروں اور میں تو میں ہوں اور کیونکر تجھ سے اپنی امید توڑوں جبکہ تو تو ہی ہے میرے معبود جب میں تجھ سے نہ مانگوں کہ تو مجھے عطا کرتا ہے

فَتُعْطِیَنِی فَمَنْ ذَا الَّذِی أَسْأَلُهُ فَیُعْطِینِی إِلهِی إِذا لَمْ أَدْعُکَ فَتَسْتَجِیبَ لِی فَمَنْ ذَا الَّذِی أَدْعُوهُ

اور کون ہے جس سے مانگوں تو وہ مجھے دے گا میرے معبود جب میں تجھ سے دعا نہ کروں تو میری دعا قبول فرماتا ہے اور کون ہے جس سے دعا کروں تو وہ میری دعا قبول

فَیَسْتَجِیبُ لِی إِلهِی إِذا لَمْ أَتَضَرَّعْ إِلَیْکَ فَتَرْحَمُنِی، فَمَنْ ذَا الَّذِی أَتَضَرَّعُ إِلَیْهِ فَیَرْحَمُنِی

کرے گا میرے معبود جب میں تیرے حضور زاری نہ کروں تب بھی تو مجھ پر رحم کرتا ہے اور کون ہے جس کے آگے زاری کروں تو وہ مجھ پر رحم کرے گا میرے

إِلهِی فَکَما فَلَقْتَ الْبَحْرَ لِمُوسیٰ علیہ السلام وَنَجَّیْتَهُ أَسْأَلُکَ أَنْ تُصَلِّیَ عَلی مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَنْ تُنَجِّیَنِی

معبود جیسے تو نے دریا کو شگافتہ کیا موسٰیؑ کیلیے اور انہیں نجات دی تھی تو میں بھی تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؑ پر رحمت نازل فرما اور مجھے نجات دے

مِمَّا أَنَا فِیهِ وَتُفَرِّجَ عَنِّی فَرَجاً عاجِلاً غَیْرَ آجِلٍ بِفَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ

اس مشکل سے جس میں گرفتار ہوں اور مجھے کشادگی عطا فرما جلد تر کہ اس میں دیر نہ ہو اپنے فضل سے اور اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے